شاہکار

اسلامی انسائیکلوپیڈیا

ISLAMI ENCYCLOPEDIA

جلد اوّل

سید قاسم محمود

باہتمام ناصر خان

www.islamicbookbazar.com

ISLAMIC BOOKBAZAR

Brought to you by: www.islamicbookbazar.com

Your friendly & reliable online book store

خطاط ہاشم بغدادی

خطاط ہاشم بغدادی بہ خط نستعلیق

خطاط ہاشم بغدادی بہ خط جلی

خطاط ہاشم بغدادی بہ خط ثلث

ISLAMIC BOOKBAZAR
Brought to you by: www.islamicbookbazar.com
Your friendly & reliable online book store

عبدالعزیز (بحرین)

احمد بہلول (بحرین)

مسعد خضیر البورسعیدی (مصر)

زہیر المنینی (شام)

بدوی الدیرانی (شام)

ISLAMIC BOOKBAZAR
Brought to you by: www.islamicbookbazar.com
Your friendly & reliable online book store

نیز یہود سے معاہدہ امن ہوا جو ''میثاقِ مدینہ'' کہلاتا ہے۔

رمضان 1ھ/ مارچ 623ء...... پہلا سریہ سیف البحر، جب حضرت حمزہؓ نے تیس چالیس مسلمانوں کے ساتھ کفار مکہ کے قافلے کا مقابلہ کیا۔ تاہم جنگ نہ ہو سکی۔ اس موقع پر رسولِ مقبولؐ نے پہلا اسلامی جھنڈا جو سفید تھا، حضرت ابو مرثد کناز کو مرحمت فرمایا۔

شوال 1ھ/ اپریل 623ء...... سریہ رابغ جس کے قائد حضرت عبیدہؓ بن حارث تھے۔ اس بار بھی باقاعدہ جنگ نہیں ہوئی۔

12 صفر 2ھ/ 14 اگست 623ء...... اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو دفاعی جنگ لڑنے کی اجازت عطا فرمادی۔

صفر 2ھ/ اگست 623ء...... غزوہ ابوا یا ودان۔ پہلی جنگ جس میں حضور اکرمؐ نے شرکت فرمائی۔ تاہم اس بار بھی جنگ نہ ہوئی۔ آپؐ نے مدینہ میں حضرت سعدؓ بن عبادہ کو اپنا قائم مقام بنایا۔

رجب 2ھ/ جنوری 624ء...... سریہ نخلہ جس کے قائد لشکر حضرت عبداللہؓ بن جحش تھے۔ اس سریے میں پہلا کافر، عمرو بن حضرمی مارا گیا۔

شعبان 2ھ/ فروری 624ء...... قبلہ بیت المقدس کے بجائے خانہ کعبہ قرار پایا۔

17 رمضان 2ھ/ 13 مارچ 624ء...... غزوہ بدر جس میں مسلمان فتح یاب ہوئے۔

28 رمضان 2ھ/ 24 مارچ 624ء...... مسلمانوں کو عید الفطر منانے کا حکم دیا گیا۔ نیز زکوٰۃ الفطر کا بھی حکم نازل ہوا۔ 1 شوال 2ھ کو مسلمانوں نے پہلی عید الفطر منائی۔

شوال 2ھ/ اپریل 624ء...... زکوٰۃ واجب قرار دے دی گئی۔ اسی مہینے حضرت فاطمہؓ کا نکاح حضرت علیؓ سے ہوا۔

3ھ/ 624ء...... رسول کریمؐ نے حضرت حفصہؓ بنت عمرؓ بن خطاب سے نکاح فرمایا۔ آپ 14 ق ھ میں پیدا ہوئیں۔ آپ نے 45ھ/ 665ء میں وفات پائی۔

6 شوال 3ھ/ 12 مارچ 625ء...... غزوہ احد

ذوالحج 3ھ/ مئی 625ء...... رسول کریمؐ نے حضرت زینبؓ بنت خزیمہ سے نکاح فرمایا۔ آپ صرف آٹھ ماہ بعد شعبان 4ھ/ جنوری 626ء میں وفات پا گئیں۔

2 صفر 4ھ/ 31 جولائی 625ء...... حادثہ بئر معونہ جس میں کفار نے 69 مسلمان شہید کر دیئے۔

ربیع الاول 4ھ/ اگست 625ء...... شراب نوشی کی ممانعت کا حکم دیا گیا۔

شوال 4ھ/ مارچ 626ء...... آنحضورؐ نے حضرت ام سلمہؓ سے نکاح فرمایا۔ آپ 44 ق ھ میں پیدا ہوئیں اور 62ھ/ 681ء میں وفات پائی۔

25 ربیع الاول 5ھ/ 23 اگست 626ء...... غزوہ دومۃ الجندل

شوال 5ھ/ مارچ 627ء...... رسول کریمؐ نے حضرت زینبؓ بنت جحش سے نکاح فرمایا۔ آپ 31 ق ھ/ 593ء میں پیدا ہوئیں۔ 23ھ/ 643ء میں وفات پائی۔

شوال تا ذیقعد 5ھ/ مارچ، اپریل 627ء...... غزوہ خندق جو دو ماہ تک جاری رہا۔

1 ذیقعد 5ھ/ 24 مارچ 627ء...... حجاب کا حکم نازل ہوا۔

1 ذیقعد 6ھ/ 13 مارچ 628ء...... صلح حدیبیہ انجام پائی۔ جب آپؐ حج کے ارادے سے مکہ مکرمہ تشریف لے جا رہے تھے۔

ذیقعد 6ھ/ مارچ 628ء...... غیر مسلموں سے نکاح کی ممانعت ہوئی۔

ذوالحج 6ھ/ اپریل 628ء...... آپؐ نے حضرت ام حبیبہؓ رملہ بنت ابوسفیان سے نکاح فرمایا۔ حضرت ام حبیبہؓ 46ھ/ 666ء میں فوت ہوئیں۔

محرم 7ھ/ مئی 628ء...... آپؐ نے بڑی سلطنتوں اور ریاستوں کے بادشاہوں کو اسلام کی دعوت قبول کرنے کی خاطر خطوط ارسال فرمائے۔

محرم 7ھ/ مئی 628ء...... غزوہ خیبر انجام پایا۔ اسی موقع پر آپؐ نے حضرت صفیہؓ بنت حیی سے نکاح کیا۔ حضرت صفیہؓ نے 50ھ/ 670ء میں وفات پائی۔

ربیع الاول 7ھ/ جولائی 628ء...... مصری بادشاہ مقوقس کی کنیز، حضرت ماریہ قطبیہؓ سے نکاح فرمایا۔ حضرت ماریہؓ نے محرم 16ھ/ فروری 637ء میں وفات پائی۔

ذیقعد 7ھ/ مارچ 629ء...... آپؐ نے عمرہ ادا فرمایا۔ اس موقع پر حضرت میمونہؓ بنت حارث سے نکاح کیا۔ حضرت میمونہؓ 54ھ/ 674ء میں فوت ہوئی۔

جمادی الاول 8ھ/ جولائی 629ء...... جنگ موتہ جس میں کئی بڑے صحابہ کرام شہید ہوئے۔

10 رمضان 8ھ/ 31 دسمبر 629ء...... مدینہ سے مکہ مکرمہ کی جانب روانگی۔

17 رمضان 8ھ/ 7 جنوری 630ء...... مکہ فتح ہوا۔ خانہ کعبہ میں سارے بت ڈھا دیئے گئے۔

10 شوال 8ھ/ 30 جنوری 630ء...... غزوہ حنین اور غزوہ طائف

محرم 9ھ/ اپریل 630ء...... زکوٰۃ و صدقہ کا نظام قائم ہوا۔

جمادی الآخر 9ھ/ ستمبر 630ء...... حضرت ماریہؓ کے بطن سے حضرت ابراہیمؓ تولد ہوئے۔ حضرت ابراہیمؓ نے 29 شوال 10ھ/ 27 جنوری 632ء کو وفات پائی۔

رجب 9ھ/ اکتوبر 630ء...... شاہ حبشہ، حضرت نجاشیؓ کی وفات۔ حضور اکرمؐ نے آپ کی غائبانہ نماز جنازہ ادا فرمائی۔

رجب 9ھ/ اکتوبر 630ء...... غزوہ تبوک انجام پایا۔

رجب 9ھ/ اکتوبر 630ء...... غیر مسلموں پر جزیہ نافذ ہوا۔

ذی الحج 9ھ/ مارچ 631ء...... مسلمانوں پر حج فرض ہوا۔

www.islamicbookbazar.com

ISLAMIC BOOKBAZAR
Brought to you by: www.islamicbookbazar.com
Your friendly & reliable online book store

470ھ/1077ء...... وسطی ایشیا میں خوارزم شاہی سلطنت کا قیام تا 654ھ/1256ء۔

یکم رمضان 470ھ/ 18 مارچ 1078ء...... حضرت عبدالقادر جیلانی کی پیدائش۔ 10 ربیع الآخر 561ھ/13 فروری 1166ء کو وفات۔

469ھ/1076ء...... مورخ شہرستانی کی پیدائش۔ 548ھ/1153ء میں وفات پائی۔

12 رجب 479ھ/23 اکتوبر 1086ء...... اندلس میں یوسف بن تاشفین اور الفانسو ہشتم کے مابین جنگ زلاقہ۔

481ھ/1088ء...... مفسر ابن عطیہ اندلسی کی پیدائش۔ 546ھ/1151ء میں وفات۔

489ھ/1096ء...... پہلی صلیبی جنگ۔ صلیبی جنگوں کا آغاز۔

21 شعبان 492ھ/13 جولائی 1099ء...... صلیبیوں نے بیت المقدس پر قبضہ کرلیا۔

502ھ/1108ء...... مفسر و ادیب، راغب اصفہانی کی وفات۔

8 رجب 511ھ/ 4 نومبر 1117ء...... فقیہ مرغینانی، صاحب ہدایہ کی پیدائش۔ 14 ذوالحجہ 593ھ/27 اکتوبر 1197ء کو وفات پائی۔

ذیقعد 511ھ/ فروری 1118ء...... نورالدین زنگی کی پیدائش۔ 12 شوال 569ھ/15 مئی 1174ء کو وفات۔

515ھ/ 1121ء...... افریقہ میں موحدون حکومت کا قیام تا 667ھ/ 1269ء۔

516ھ/1122ء...... افغان مفسر البغوی کی وفات۔

518ھ/1124ء...... حشیشین کے بانی، حسن بن صباح کی وفات۔

524ھ/1130ء...... موحدون کے بانی، ابن تومرت کا انتقال۔

526ھ/1132ء...... ایرانی شاعر عمر خیام کی وفات۔

532ھ/ 1138ء...... نامور مجاہد، صلاح الدین ایوبی کی پیدائش۔ صفر 589ھ/فروری 1193ء میں وفات۔

533ھ/1139ء...... اندلسی فلسفی ابن ماجہ کی وفات۔

535ھ/ 1141ء...... صوفی بزرگ، خواجہ معین الدین چشتی کی پیدائش۔ وفات: 627ھ/1230ء۔

538ھ/1144ء...... مفسر امام شاطبی کی پیدائش۔ 28 جمادی الآخر 590ھ/ 19 جون 1194ء کو وفات۔

543ھ/1149ء...... ایرانی عالم دین، فخرالدین رازی کی پیدائش۔ 21 محرم 606ھ/25 جولائی 1209ء کو وفات۔

7 جمادی الآخر 544ھ/ 11 اکتوبر 1149ء...... محدث و فقیہ قاضی عیاض کی وفات۔

549ھ/ 1155ء...... صوفی بزرگ شہاب الدین سہروردی کی پیدائش۔ 587ھ/1191ء میں وفات۔

4 جمادی الاول 555ھ/ 13 مئی 1160ء...... سیرت نگار اور مورخ، ابن اثیر پیدا ہوئے۔

560ھ/ 1165ء...... صوفی بزرگ، شمس الدین سبزواری کی پیدائش۔ 674ھ/1276ء میں وفات۔

17 رمضان 560ھ/ 28 جولائی 1165ء...... صوفی بزرگ ابن عربی کی پیدائش۔ 638ھ/1240ء میں وفات۔

محرم 567ھ/ستمبر 1171ء...... صلاح الدین ایوبی نے مشرق وسطی میں ایوبی سلطنت کی بنیاد رکھی تا 741ھ/1341ء۔ صلاح الدین ایوبی 545ھ/1159ء میں پیدا ہوئے اور 26 شعبان 604ھ/15 مارچ 1208ء کو وفات پائی۔

568ھ/1173ء...... شہاب الدین غوری نے افغانستان میں غوری سلطنت کی بنیاد رکھی تا 1011ھ/1215ء۔

568ھ/1173ء...... ہندوستانی بزرگ، فریدالدین گنج شکر کی پیدائش: 5 محرم 664ھ/17 اکتوبر 1265ء کو وفات پائی۔

573ھ/1177ء...... سندھی بزرگ، لعل شہباز قلندر کی پیدائش۔ 673ھ/1274ء میں وفات۔

574ھ/1178ء...... مورخ یاقوت حموی پیدا ہوئے۔ رمضان 626ھ/ اگست 1229ء میں وفات

577ھ/1181ء...... بزرگ سخی سلطان سرور کی وفات۔

578ھ/1182ء...... ملتانی بزرگ، بہاء الدین زکریا ملتانی کی پیدائش۔ 7 صفر 661ھ/20 دسمبر 1262ء کو وفات۔

18 ربیع الثانی 580ھ/29 جولائی 1184ء...... موحدون کے مشہور بادشاہ، ابو یعقوب یوسف کی وفات۔

580ھ/ 1184ء...... صوفی بزرگ شمس تبریزی کی پیدائش۔ وفات: 645ھ/1274ء۔

580ھ/1184ء...... ایرانی شاعر، سعدی شیرازی پیدا ہوئے۔ ذوالقعدہ 691ھ/ستمبر 1292ء میں وفات۔

رجب 583ھ/ 2 اکتوبر 1187ء...... تیسری صلیبی جنگ کے دوران صلاح الدین ایوبی نے بیت المقدس فتح کرلیا۔

587ھ/ 1191ء...... پرتھوی راج کے ہاتھوں جنگ ترین میں سلطان محمد

www.islamicbookbazar.com

ISLAMIC BOOKBAZAR
Brought to you by: www.islamicbookbazar.com
Your friendly & reliable online book store

ایک کشادہ دروازہ سے تشبیہہ دیتا ہے۔ اس کے نزدیک دوسری زندگی نہایت خوشگوار ہے۔ اس میں نیک لوگ نہایت آرام کے ساتھ زندگی بسر کریں گے اور برے مزید برائی نہیں کرسکیں گے۔ البتہ وہ بروں کی سزا کے بارے میں کچھ نہیں کہتا۔

قدیم ہندوستان کے آریہ قبائل بھی آخرت میں واضح یقین رکھتے تھے۔ وہ لوگ تناسخ اور آواگون (یعنی روح کا جسم تبدیل کرلینا) پر ایمان نہیں رکھتے تھے۔ اس کا ثبوت یہ ہے کہ ان کی مذہبی کتاب رگ وید میں ایک بار بھی تناسخ کا ذکر نہیں آیا۔ البتہ برہموں کے فلسفہ اپنشد میں روح بھگتی کے ذریعے مکتی (نجات) حاصل کرکے آتما (روح کائنات) سے مل جاتی ہے اور پھر آتما کے سوا کچھ نہیں رہتا۔'' برہموں ہی کے ایک عقیدے کرم کے تحت روح دنیا میں بار بار آتی رہتی ہے اور یہ چکر اس وقت تک چلتا رہتا ہے، جب تک کہ روح مکتی حاصل نہیں کرلیتی۔''

زرتشت کے ہاں آخرت کا تصور زیادہ واضح ہوکر اسلام سے مماثل ہو جاتا ہے۔ مگر اس کی تشریح وتفسیر مختلف ہے۔ نیز اس کے نزدیک آخرت جسمانی بعث پر مبنی ہوگی۔

عقیدہ آخرت سمجھنے کے لیے انسان کے جوہر یعنی روح کا تجزیہ ناگزیر ہے۔ اخلاقیات اور مذہب میں ہم جن چیزوں کو شر اور خیر کہتے ہیں، انہیں سمجھنے کے بعد ہی ہم روح کو سمجھ سکتے ہیں۔ دین میں روح کی دو قسمیں بتائی گئی ہیں:۔

1۔ روح حیوانی

2۔ روح الٰہی

قرآن پاک میں روح حیوانی کے لیے ''نفس'' کا لفظ استعمال ہوا ہے، جو لالچ، حرص اور بدی کے آگے جھک جاتا ہے۔ جب اسے موت آجاتی ہے تو ''روح الٰہی'' زندہ رہتی ہے۔ یہی روح آخرت کا توشہ ہے، جو خیر کو برقرار رکھتی اور بدی کی مزاحمت کرتی ہے۔ انسانی نفس اس دنیا میں تین حالتوں سے گزرتا ہے:۔

1۔ امارہ (باغی اور نافرمان)

2۔ لوامہ (خود کو مجرم اور گناہگار سمجھنا)

3۔ مطمئنہ (پاک اور اللہ کی رضا پر چلنا)

جب نفس آخری حالت یعنی نفس مطمئنہ کی صورت اختیار کرلے، تو گویا وہ روح الٰہی سے مل جاتا ہے۔ یوں روح الٰہی آخرت کے لیے پورے طور سے تیار ہوکر موت کے بعد اس مرحلے پر پہنچ جاتی ہے جس کے بارے میں قرآن حکیم میں ارشاد ہوتا ہے:

''اور جو تقویٰ اختیار کرتے ہیں، انہیں کہا جاتا ہے، تمہارے رب نے کیا اتارا؟ کہتے ہیں بھلائی۔ جو لوگ نیکی کرتے ہیں، ان کے لیے اس دنیا میں بھی بھلائی ہے اور آخرت کا گھر یقیناً بہتر ہے اور متقیوں کا گھر بہت ہی اچھا ہے۔ (النحل: 30)

رہے یہ سوالات کہ موت کے بعد کوئی زندگی ہے یا نہیں؟ روح کہاں جاتی ہے؟ کیا وہ جسم کو چھوڑ جاتی ہے؟ یا پھر سے اس کے ساتھ تعلق قائم کرے گی؟ مولانا مودودیؒ ان کا جواب یوں دیتے ہیں۔ ''جہاں تک سائنس کا تعلق ہے، یہ سوال اس دائرے سے قطعی خارج ہے۔ جو شخص سائنس کا نام لے کر یہ کہتا ہے کہ موت کے بعد کوئی زندگی نہیں، وہ سائنس سے انحراف کرتا ہے۔ ایک گنوار نے اگر راکٹ نہیں دیکھا تو وہ اس کے وجود سے انکار نہیں کرسکتا۔ اس لیے اگر ساری دنیا کے لوگوں نے بھی ایک شے کو نہ دیکھا ہو تو بھی اس کے وجود سے انکار ناممکن ہے۔''

آگے چل کر مولانا مودودیؒ لکھتے ہیں: ''انسان کی اخلاقی زندگی کے لیے یہ دنیا بالکل ناکافی ہے، اس کے لیے ایک دوسرا نظام عالم درکار ہے۔ جس میں اخلاق کا قانون حکمران ہو، جس میں زندگی غیر محدود ہو، جہاں نیکی اور صداقت میں وزن اور قیمت ہو۔ جہاں عیش اسے ملے جو نیک ہو اور مصیبت اس کے حصے میں آئے جو بد ہو۔ عقل چاہتی اور فطرت مطالبہ کرتی ہے کہ ایسا نظام ضرور آئے مگر وہ اس دوسرے جہان کا ادراک نہیں کرسکتی۔ جس خدا نے اتنا بڑا نظام کائنات قائم کر رکھا ہے، جس نے اجرام سماوی کو اپنے قانون کی بندشوں میں جکڑ رکھا ہے، جس کی قدرت ان عظیم الشان اجرام کو اس انتظام کے ساتھ حرکت دے رہی ہے کہ کوئی جرم اپنے مدار سے بال برابر تجاوز نہیں کرسکتا اور جس کی طاقت نے کائنات کے طبقوں کو ایسا غیر مرئی اور غیر محسوس سہاروں پر قائم کیا ہے، جن کے ادراک سے تم عاجز ہو، اس خدا کے متعلق یہ گمان کرنا کہ وہ تم جیسی حقیر مخلوق کو ایک دفعہ ہلاک کرکے دوبارہ زندہ کرنے پر قادر نہیں، کیسی بڑی خام خیالی ہے۔ قرآن پاک میں ارشاد ہوتا ہے:

''اگر تم کو مرنے کے بعد جی اٹھنے میں شک ہے تو تمہیں معلوم ہو کہ ہم نے مٹی جیسی بے جان شے سے تمہیں پیدا کیا۔ (سورہ الحج: 5) تو پھر جان لیجیے کہ ''وہی تو ہے جو آفرینش کی ابتداء کرتا ہے، پھر وہی اس کا اعادہ کرے گا۔ اور یہ اعادہ اس کے لیے سہل تر ہے۔'' (الروم: 27)

''اس عقلی استدلال اور قرآنی اثبات کے پیش نظر یہ جان لینا چاہیے کہ ایک اور عالم بھی ہوگا، جہاں مرنے کے بعد جی اٹھنا ہے۔ اس اخروی زندگی کا تعلق محض فلسفیانہ نہیں بلکہ انسان کے اخلاقی اور عملی زندگی سے ہے۔ اسے ماننے پر لازم ہے کہ انسان خود کو ایک ذمہ دار ہستی سمجھے اور جواب دہی اور انجام کے خیال سے مستقبل کی سعادت اور اجر کو حاصل کرنے کی کوشش کرے۔ متاع دنیا سے بے نیازی کرے اور یاد رکھے کہ دنیا کے ملکوں میں کفر کی روش اختیار کرنے والے لوگوں کا چلنا پھرنا تمہیں کسی دھوکے میں نہ ڈالے۔ یہ محض چند روزہ زندگی کا تھوڑا سا لطف ہے۔ پھر یہ سب جہنم میں جائیں گے، جو بدترین جائے قرار ہے۔ لیکن جو لوگ اپنے رب سے ڈرتے ہوئے زندگی بسر کرتے ہیں ان کے لیے ایسے باغ ہیں جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں۔ ان باغوں میں وہ ہمیشہ رہیں گے، ان کے لیے اللہ کی طرف سے سامان ضیافت ہے اور جو کچھ اللہ کے پاس ہے، نیک لوگوں کے لیے وہی سب سے بہتر ہے۔'' (آل عمران: 196) (مزید دیکھیے: دوزخ۔ جنت۔ روح۔ حشر۔ قیامت۔ نفس)

آخز (Ahaz)

(762-726 ق م)۔ سلطنت یہوداہ کا گیارہواں بادشاہ۔ یوتام کا بیٹا۔ حضرت داؤد علیہ السلام کی نسل سے تھا۔ صرف بیس برس کی عمر میں 742 ق۔ م میں

www.islamicbookbazar.com
ISLAMIC BOOKBAZAR
Brought to you by: www.islamicbookbazar.com
Your friendly & reliable online book store

شاعری کا شوق بڑھ گیا تھا، اس لیے ایک رسالہ نکالنے کا خیال کیا۔ اس وقت آپ مولوی ظفر احسن شوق سے اصلاح لیتے تھے۔ چنانچہ ''نیرنگ عالم'' کے نام سے یہ رسالہ جاری کر دیا جو آٹھ ماہ تک جاری رہا۔

اس وقت آپ کی قوت بیان اس قدر غضب کی ہوتی تھی کہ لوگ آپ کی عمر کے بارے میں شبہات ظاہر کرتے۔ 1904ء میں جب وہ مولانا شبلی سے ملے تو انہوں نے کہا ''تو ابوالکلام آپ کے والد ہیں؟'' اس پر آزاد نے کہا ''نہیں میں خود ہوں'' یہ سن کر مولانا شبلی حیرت زدہ ہو گئے۔

اسی زمانے میں مولانا نے ابن رشد، امام غزالی، سرسید اور مولوی محمد حسین آزاد جیسے مصنفین کا مطالعہ شروع کیا اور مختلف علوم کی کتابیں اکٹھی کرنا شروع کیں۔ چنانچہ حکیم عبدالرحیم دہلوی اور مولوی کبیرالدین، مالک اردو گائیڈ پریس کلکتہ کے کتب خانے خرید لئے۔ تحصیل علم کے ساتھ ساتھ تحریر و تقریر اور ترجمہ بھی شروع کر دیا۔ 1901ء میں مولوی رضا علی وحشت نے ''انیس الاسلام'' کے نام سے ایک انجمن قائم کی۔ اس میں پہلی بار آپ نے باقاعدہ لیکچر دیا۔

مولانا کی صحافتی زندگی اگرچہ ''نیرنگ عالم'' سے شروع ہو چکی تھی لیکن باقاعدہ طور پر ماہنامہ ''لسان الصدق' کلکتہ کو آپ کی صحافتی زندگی کا سنگ میل کہا جاتا ہے۔ یہ رسالہ 20 نومبر 1903ء کو جاری ہوا۔ اس رسالے نے اہل علم کے دلوں پر آپ کی فضیلت کا سکہ بٹھا دیا۔ چنانچہ مولانا شبلی نے رسالہ ''الندوۃ'' کی ادارت کے لیے آپ کو منتخب کیا۔ وہاں آپ اکتوبر 1905ء سے مارچ 1906ء تک رہے۔ اسی زمانے میں شیخ غلام محمد نے امرتسر سے ایک اخبار 'وکیل' نکالا۔ اس نے حامد علی صاحب کے جانے کے بعد آپ کو بلا بھیجا۔ چونکہ ''الندوۃ'' میں آپ کو اپنے خیالات بیان کرنے کی پوری آزادی نہ تھی، اس لیے آپ نے ''وکیل'' کی ادارت قبول کر لی۔ کچھ عرصہ بعد آپ کے بڑے بھائی مولانا ابونصر کا انتقال ہو گیا۔ اس لیے آپ والد کے اصرار پر کلکتہ واپس چلے گئے۔ یہاں کچھ عرصہ اخبار 'دارالسلطنت'' کی ادارت کی اور اس کے بعد پھر ''وکیل'' کو ہاتھ میں لے لیا۔ لیکن ذاتی آراء کی خاطر اپنا اخبار نکالنے پر مجبور ہو گئے۔

اس کش مکش میں تھے کہ 1909ء میں آپ کے والد کا انتقال ہو گیا۔ آخر 13 جولائی 1912ء کو آپ نے اپنا ذاتی اخبار ''الہلال'' جاری کر دیا۔ اس کے صفحات پر ایسے قومی اور مذہبی مسائل زیر بحث آئے جن سے ملت اسلامیہ کے ذہنی نقشے بدل گئے۔ مولانا نے قدماء کے طرز سے ہٹ کر آزاد صحافت کو جنم دیا۔ اس میں حریت و صداقت کا پیغام دیا۔ اب حکومت وقت کی نظروں میں آپ کا وجود کانٹے کی طرح کھٹکنے لگا۔ انہدام مسجد کانپور کے سلسلے میں ''الہلال'' کے مضامین نے حکومت کو بوکھلا دیا۔

16 نومبر 1914ء کو ''الہلال'' کی ضمانت ضبط کر لی گئی۔ 1915ء میں مولانا کو بھی بنگال سے خارج کر دیا گیا۔

''الہلال'' کے بعد مولانا نے ''البلاغ'' کو نئے رخ پر نکالا۔ اس میں عملی نفسیات کا درس اور فکر و بصیرت اور روحانی عزم و ثبات کا پیغام دینا شروع کیا۔ ''البلاغ'' کا سلسلہ بند ہوا تو 1921ء میں مولانا نے کلکتے سے ایک اور اخبار ''پیغام'' جاری کر دیا۔ 1927ء میں ''الہلال'' بھی دوبارہ جاری ہو گیا۔

بنگال سے نکلنے کے بعد مولانا کو رانچی میں نظر بند کر دیا گیا۔ 1920ء میں جب آپ نظر بندی سے باہر آئے تو رولٹ ایکٹ ملک میں آگ لگا چکا تھا۔ گاندھی جی عدم تشدد اور عدم تعاون کی تحریک کا آغاز کر چکے تھے۔ 18 جنوری 1920ء کو آپ کی ملاقات گاندھی جی سے ہوئی۔ اب مہاتما جی سے آپ کی عقیدت اور خلوص کا رشتہ قائم ہوا۔ 1920ء اور 1921ء کے دوران میں مولانا نے سیکڑوں تقریریں کیں۔ اکتوبر 1921ء کو آپ نے صوبائی خلافت کانفرنس آگرہ میں منعقدہ ہندوستان کے مسلمانوں کو کر کے گاندھی جی کے ترک موالات کے اصول اختیار کرنے کی دعوت دی۔ اسی سال علی

برادران پر مقدمہ چلایا گیا۔ چنانچہ تمام لیڈروں نے بیانات جاری کرنے شروع کیے۔ بمبئی کی قرارداد میں مولانا کے دستخط گاندھی جی کے بعد تھے۔ جب حکومت نے لیڈروں کو گرفتار کرنا شروع کیا تو مولانا بھی لپیٹ میں آ گئے۔ چنانچہ 10 دسمبر 1921ء کو گرفتار ہوئے اور آپ کو ایک سال کی سزا دی گئی۔

1923ء میں جب آپ دوبارہ جیل سے واپس آئے تو آپ نے دیکھا کہ کانگریس میں پھوٹ پڑ چکی ہے۔ موتی لال نہرو اور گاندھی جی میں اصولی اختلاف پیدا ہو چکا تھا۔ اختلاف مٹانے کے لیے مولانا نے دسمبر 1923ء میں پہلی بار کانگریس کے جلسے کی صدارت کی۔

اسی زمانے میں کانگریس کی ساکھ بہت گر گئی۔ آخر کار 1924ء میں جب گاندھی جی جیل سے باہر آئے تو انہوں نے ایک سو گیارہ دن کا مرن برت رکھا۔ اس کے زیر اثر اتحاد کانگریس دہلی میں منعقد ہوئی۔ اس میں مولانا نے سمجھوتے کی فضا پیدا کرنے کی کوشش کی اور بہت حد تک کامیاب ہوئے۔

سائمن کمیشن کے خلاف اور آل پارٹیز کانگریس میں مولانا آزاد بے خوفی اور بے پروا ''انفرادیت'' سے تقریریں کیا کرتے تھے۔ 1930ء میں ستیہ گرہ کی تحریکوں اور گاندھی جی کی گرفتاری کے بعد مولانا نے ایک بار پھر اپنی شخصی قیادت کا ثبوت دیا۔ بنگال، پنجاب اور صوبہ سرحد کے لاکھوں مسلمانوں نے ستیہ گرہ میں حصہ لیا۔ گاندھی جی کی گرفتاری کے بعد مولانا بھی گرفتار ہو گئے۔

1940ء میں مولانا آزاد ایک بار پھر کانگریس کے صدر ہوئے۔ انہوں نے ستیہ گرہ کی مہم میں زور شور سے حصہ لیا۔ نتیجے میں اٹھارہ ماہ کی سزا پا کر جیل چلے گئے۔

www.islamicbookbazar.com
ISLAMIC BOOKBAZAR
Brought to you by: www.islamicbookbazar.com
Your friendly & reliable online book store

(البقرہ۔258)

اللہ تعالیٰ نے آپ کو آگ سے محفوظ رکھا تو آپ اپنے گھرانے سمیت جن میں حضرت لوط علیہ السلام بھی تھے، شام کی طرف ہجرت کر گئے۔ لیکن آپ کے ساتھ آزر نہیں تھا، جیسا کہ تالمود کا بیان ہے۔ اس کی رو سے آپ کے والد تارح (آزر) کی وفات حاران میں ہوئی اور وہ آپ کے ہمراہ تھا۔

کنعان کے علاقے میں مقیم ہونے کے بعد آپ نے اولاد کے لیے دعا کی:

''اے میرے پروردگار! مجھے ایک نیک بیٹا عطا کر۔'' (الصفات:100)

حضرت سارہؑ کے متعلق مشہور ہے کہ وہ خوب صورت تو تھیں لیکن بانجھ۔ جب آپ مصر پہنچے تو فرعون مصر نے ان کی خوب صورتی کے پیش نظر انہیں اپنے محل میں رکھنا چاہا۔ اس موقع پر تورات میں آپ کو کاذب کہا گیا ہے کیونکہ آپ نے اپنی سترہ سالہ بیوی سارہ کو بہن کہہ کر مصریوں کی دستبرد سے محفوظ رکھنا چاہا۔ بائبل میں آیا ہے:

''سو جب ابراہام مصر پہنچا، مصریوں نے اس کی عورت کو دیکھا تو وہ نہایت خوبصورت ہے، اور فرعون کے امیروں نے بھی اسے دیکھا اور فرعون کے حضور اس کی تعریف کی اور اس عورت کو فرعون کے گھر لے گئے اور اس نے اس کے سبب ابراہام پر احسان کیا کہ اس کو بھیڑ بکری یا گائے بیل، گدھے اور غلام لونڈی اور گدھیاں اور اونٹ ملے۔ پھر خداوند نے فرعون اور اس کے خاندان کو ابراہام کی بیوی سری (سارہ) کے سبب بڑی مار دی۔ تب فرعون نے ابراہام کو بلا کر اس سے کہا کہ تو نے مجھ سے کیا کیا؟ کیوں نہ بتایا کہ یہ میری بیوی ہے، تو نے کیوں کہا کہ یہ میری بہن ہے؟ یہاں تک کہ میں نے اسے اپنی جورو بنانے کو لیا۔ دیکھ یہ تیری بیوی حاضر ہے۔ اسے لے اور چلا جا اور فرعون نے اس کے حق میں لوگوں کو حکم دیا۔ تب انہوں نے اسے اور اس کی بیوی کو، اور جو کچھ اس کا تھا روانہ کیا۔'' (پیدائش: 14 تا 20)

یوسف ظفر اپنی کتاب ''یہودیت'' میں ابن خلدون اور تورات کے دیگر مفسرین کے حوالے سے لکھتے ہیں کہ فرعون نے اپنی بیٹی ہاجرہ بھی آپ کی زوجیت میں دے دی۔ چونکہ دوسری بیوی رسم و رواج کے مطابق پہلی کی لونڈی بن کر رہتی ہے، اس لیے یہودیوں اور عیسائیوں نے حضرت ہاجرہ کو لونڈی کہہ کر بتایا۔ نیز یہ بھی لکھا کہ حضرت اسماعیلؑ لونڈی کی اولاد ہونے کی وجہ سے حضرت اسحاقؑ سے کم تر ہیں۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام نے ہاجرہؑ سے نکاح کیا تو اللہ تعالیٰ نے ان کے بطن سے حضرت اسماعیل علیہ السلام جیسا عظیم فرزند عطا کیا۔ ہوسکتا ہے کہ اس بات سے سارہ جل اٹھی اور حضرت ابراہیمؑ اللہ کے حکم کے مطابق ہاجرہؑ اور اسماعیلؑ کو گھر سے دور چھوڑنے پر مجبور ہو گئے۔ بہرحال حضرت ابراہیمؑ نے ماں اور بچے کو عرب کے تپتے ریگزاروں میں چھوڑ دیا، جہاں اللہ کی قدرت سے چشمہ پیدا ہوا اور آبادی بڑھی۔ (دیکھیے: آب زمزم)

جب حضرت اسماعیلؑ نوجوان ہوئے تو حضرت ابراہیمؑ واپس آئے اور مکہ کی آبادی دیکھ کر انہوں نے وہاں اللہ کا گھر (کعبہ) تعمیر کیا۔ یہ سب سے پہلی مسجد تھی، جو خدائے واحد کی عبادت کے لیے بنائی گئی۔ اسی لیے تمام مسلمان خانہ کعبہ کا ازحد احترام کرتے ہیں۔

اس واقعہ کے ساتھ ہی حضرت اسماعیلؑ کی قربانی کا ذکر آتا ہے۔ ''جب یہ بچہ بڑا ہوا تو ابراہیمؑ آئے تو انہوں نے کہا، اے میرے پیارے بیٹے میں نے خواب میں دیکھا ہے کہ میں تجھے ذبح کر رہا ہوں۔ چنانچہ باپ بیٹا دونوں نے اپنے آپ کو اللہ کی رضا پر چھوڑ دیا، اس آزمائش میں جب ابراہیمؑ پورے اترے تو اللہ نے انہیں ''امام للناس'' کا خطاب دیا (البقرہ: 124) اور انہیں ایک اور بیٹے اسحاق کی بشارت دی۔ (الصفات: 101)

قرآن مجید میں آیا ہے: جب ابراہیمؑ اور اسماعیلؑ نے مل کر کعبے کی بنیادوں کو از سر نو تعمیر کرنا شروع کیا تو یہ دعا مانگی:

''اے میرے رب اس شہر کو امن والا بنا۔'' اے ہمارے رب، ہماری یہ خدمت قبول فرما۔ بلاشبہ تو خوب سننے والا اور جاننے والا ہے۔ اے ہمارے رب ہمیں اپنا فرمانبردار بنا۔'' (البقرہ: 126 تا 128)

ایک روایت ہے کہ جب حضرت ابراہیمؑ نے وفات پائی تو آپ کی عمر 175 برس تھی۔ آپ الخلیل (ہیبرون) میں مکفلیہ کے غار میں دفن ہوئے۔ یہ مقام بیت المقدس کے قریب واقع ہے۔

حضرت ابراہیمؑ دین توحید کے پرستار اور علمبردار تھے۔ آپ کے بارے میں یہ تو کہیں وضاحت نہیں ہوئی کہ کیا وحی آپ پر نازل ہوئی تھی یا بعثت محض روحانی تھی؟ البتہ قرآن مجید میں ایک جگہ اس امر کی تصدیق ہوئی ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ سے ہم کلام تھا۔ سورہ بقرہ میں اس واقعے کا ذکر ہے، جب آپ کو حیات بعد الموت کا مشاہدہ کرایا گیا:

''اور جب ابراہیمؑ نے کہا، اے میرے رب! مجھے دکھا دے کہ تو کس طرح مردے کو زندہ کرتا ہے۔ فرمایا، کیا (اس پر) تیرا ایمان نہیں؟ بولے۔ کیوں نہیں۔ (ایمان تو ہے) لیکن میں اپنے دل کے لیے اطمینان چاہتا ہوں۔ فرمایا! اچھا تو چار پرندے لے، پھر انہیں اپنے ساتھ مانوس کر لے، پھر ان میں سے ہر پہاڑ پر ان کا (گوشت کا) ایک ٹکڑا رکھ آ۔ پھر انہیں بلا۔ وہ تیری طرف دوڑ کر آئیں گے اور یقین رکھ کہ اللہ بڑی عزت والا اور حکمت والا ہے۔'' (260:2)

حضرت ابراہیمؑ کے دین کے بارے میں قرآن مجید میں کئی جگہ ارشاد ہوا کہ آپ موحد مسلم اور راست رو تھے۔ ارشاد ہوتا ہے:

''پھر ہم نے تیری طرف (حضرت محمد ﷺ کی طرف) وحی کی کہ ابراہیم علیہ السلام راست رو (مسلم) کے دین پر چل اور وہ مشرکوں میں سے نہیں تھا۔'' (النحل: 123)

''اے اہل کتاب! تم ابراہیم علیہ السلام کے بارے میں کیوں جھگڑتے ہو۔ حالانکہ توریت اور انجیل اس کے بعد ہی اتاری گئیں۔ پھر کیا تم عقل سے کام نہیں لیتے۔ سنو! تم وہ ہو جو اس میں جھگڑ چکے، جس کا تمہیں علم تھا، پھر اس میں کیوں جھگڑتے ہو، جس کا تمہیں علم نہیں اور اللہ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے۔ ابراہیم علیہ السلام نہ یہودی

www.islamicbookbazar.com
ISLAMIC BOOKBAZAR
Brought to you by: www.islamicbookbazar.com
Your friendly & reliable online book store

شاہکار

اسلامی انسائیکلوپیڈیا

ISLAMI ENCYCLOPEDIA

جلد دوم



سید قاسم محمود

باہتمام ناصر خان

www.islamicbookbazar.com

ISLAMIC BOOKBAZAR

Brought to you by: www.islamicbookbazar.com

Your friendly & reliable online book store

ج

چاڈ

وسطی افریقہ کا ایک مسلم اکثریتی ملک۔ اس کا شمار دنیا کے غریب ترین ممالک میں ہوتا ہے۔ دارالحکومت نجامینا ہے جس کی آبادی دس لاکھ ہے۔

تاریخ: چاڈ میں چار ہزار قبل جھیل چاڈ کے کنارے انسان آباد ہوئے۔ خطے میں سرح، سوڈان اور لیبیا کے مسلم تاجروں نے اسلام پھیلایا۔ یہ ملک طویل عرصہ کانم بورنو سلطنت کا حصہ رہا۔ انیسویں صدی میں فرانسیسی چاڈ آ پہنچے۔ انھوں نے جدید اسلحے کی بدولت ملک پہ قبضہ کر لیا۔

فرانسیسیوں نے بحیثیت نوآبادیاتی طاقت چاڈ کے وسائل استعمال کیے۔ تاہم وہ شمالی اور مشرقی چاڈ میں قدم نہ جما سکے جہاں مسلمانوں کی اکثریت تھی۔ مسلمانوں نے غاصبوں کے خلاف جہاد جاری رکھا۔

فرانسیسیوں نے پھر یہ چال چلی کہ مغربی چاڈ میں پادریوں کے ذریعے عیسائیت پھیلا دی۔ پھر انھوں نے مقامی عیسائیوں کو تعلیم یافتہ بنایا اور جب 11 اگست 1960ء کو چاڈ آزاد ہوا تو انھی کو حکومت سونپ گئے۔ چنانچہ مملکت میں مسلمانوں کی اکثریت کے باوجود ایک عیسائی رہنما، فرانکوس ٹومبالبی ملک کا صدر بن گیا۔

ٹومبالبی نے انتظامیہ میں زیادہ سے زیادہ عیسائی بھرتی کیے اور مسلمانوں پہ ظلم و ستم کرنے لگا۔ جلد ہی وہ آمر بن بیٹھا اور ملک میں کرپشن کا دور دورہ ہو گیا۔ آخر 1965ء میں مسلمانوں نے حکومت کے خلاف علم بغاوت بلند کر دیا۔ 1975ء میں صدر ٹومبالبی فوجی بغاوت کے دوران مارا گیا۔

چاڈ میں دو سو سے زائد نسلی و لسانی گروہ بستے ہیں۔ آزادی کے بعد بدقسمتی سے وہ ہم آہنگ نہ ہو سکے اور ان میں شدید اختلافات پیدا ہو گئے۔ ان اختلافات پر صدر ادریس دبی نے کچھ قابو پایا جو 1990ء سے حکومت کر رہے ہیں۔ مگر حزب اختلاف ان پہ آمر ہونے کا الزام لگاتی ہے۔

جغرافیہ: مملکت کا رقبہ بارہ لاکھ چوراسی ہزار مربع کلومیٹر ہے۔ شمالی حصے میں صحرا ہیں۔ جنوب میں پہاڑ واقع ہیں جہاں ہونے والی بارش جھیل چاڈ کو پانی فراہم کرتی ہے۔

سیاست: چاڈ میں تمام اختیارات کا مالک صدر ہے۔ بذریعہ انتخابات پانچ برس کے لیے منتخب ہوتا ہے۔ وہی وزیراعظم کا انتخاب کرتا ہے۔

انتظامی تقسیم: چاڈ 22 علاقوں میں تقسیم ہے۔ یہ علاقے پھر 200 ذیلی علاقوں میں منقسم ہیں۔

فوج: ملک کی فوج بیس ہزار فوجیوں پہ مشتمل ہے۔

معیشت: خانہ جنگی کے باعث ملک میں انفراسٹرکچر جنم نہیں لے سکا۔ حکومت میں کرپشن

www.islamicbookbazar.com

ISLAMIC BOOKBAZAR
Brought to you by: www.islamicbookbazar.com
Your friendly & reliable online book store

بولا تو انھوں نے بڑی بہادری سے مقابلہ کیا۔

تاریخ چیچنیا کا ایک اہم موڑ 1785ء سے شروع ہوا جب روسی فوج کوہ قاف پر حملہ آور ہوئی تاکہ پورے خطے کو اپنے زیر نگیں لا سکے۔ تاہم روسیوں کو اگلے پچھتر سال تک چیچنوں اور داغستانیوں کی زبردست مزاحمت کا سامنا کرنا پڑا۔

انھوں نے شیخ منصور بیگ، غازی مُلّا محمد بیگ، حاجی مراد اور امام شامل کی قیادت میں بے سروسامانی کے باوجود کئی معرکوں میں اپنے سے کہیں زیادہ طاقتور روسی فوج کو شکست دی اور دوست، دشمن سبھی سے داد و تحسین پائی۔ مشہور روسی ادبا، ٹالسٹائی اور پشکن نے چیچن اور داغستانی مجاہدین کی شجاعت کو سراہا اور اپنی تخلیقات کا موضوع بنایا۔ بدقسمتی سے جدید اسلحے کے باعث روسی آخر کار فتح یاب ٹھہرے جب 1859ء میں امام شامل نے ہتھیار ڈال دیے۔

روسیوں سے لڑائی کے دوران ہی چیچنوں سمیت کوہ قاف کے باشندوں کی بڑی تعداد نے اسلام قبول کر لیا۔ قبل ازیں وہ عیسائی تھے۔ تبدیلی مذہب کی ایک وجہ یہ تھی کہ عثمانی ترک حکومت نے انھیں مالی و عسکری امداد دی تاکہ وہ مضبوط دشمن کا مقابلہ کر سکیں۔ دوسرے صوفیا نے بڑی سرگرمی و جاہت سے کوہ قاف میں اسلامی تعلیمات پھیلائیں۔ یوں خطے میں نورِ اسلام کی کرنیں پھیل گئیں۔

امام شامل اور دیگر مجاہدین روسیوں کے پنجے سے کوہ قاف کو آزاد کرا کر وہاں شرعی حکومت قائم کرنا چاہتے تھے۔ اسی لیے کوہ قاف پہ قابض ہو کر روسیوں نے اسلام اور مسلمانوں کو نشانہ بنایا۔ چیچن ان کے ظلم و ستم کا خصوصاً شکار ہوئے کیونکہ وہ چھاپہ مار جنگ میں ماہر اور بڑے بہادر تھے۔ ایک روسی جرنیل، الیکسی یرمولوف کا تو کہنا تھا ”میں اسی وقت چین سے بیٹھوں گا جب آخری چیچن بھی مارا جائے گا۔“ یوں روسی حملے نے چیچنوں اور روسیوں کے مابین ازلی نفرت و دشمنی کے بیج بو دیے۔

جب روس نے کوہ قاف پر قبضہ کیا تو چیچنیا، داغستان، انگشتیا، اوسیتا اور دیگر روسی ریاستوں سے لاکھوں مسلمان ہجرت کر کے ترکی یا عرب ممالک میں چلے گئے۔ ادھر روسیوں نے مخالف مسلم رہنما چن چن کر مار ڈالے۔ مساجد پہ پہرے بٹھا دیے اور صرف وہی مولوی ان میں داخل ہو پاتے جو حکومت سے منظور شدہ ہوتے اور روسیوں کے پٹھو ہوتے۔

انیسویں صدی کے آخر میں چیچنیا میں تیل دریافت ہوا۔ تب روسی بڑی تعداد میں چیچنیا آئے تاکہ وہاں کی قومی دولت لوٹ سکیں۔ اس لوٹ مار نے چیچنوں کے زخموں پہ نمک چھڑکا۔ روسی بھی دیگر یورپی نوآبادیاتی طاقتوں کے مانند لالچی اور ظالم تھے۔

روسی تاہم چیچنوں کو مکمل طور پہ مطیع نہ کر سکے۔ جب بھی روس میں کوئی شورش برپا ہوتی، وہ غاصبوں کے خلاف جہاد پھر شروع کر دیتے۔ ان کا یہ جنگجویانہ انداز آج بھی برقرار ہے۔ اسی لیے روس۔ ترک جنگ، انقلاب روس 1905ء، 1917ء کے روسی انقلاب اور پھر خانہ جنگی کے دوران چیچنوں نے ہر بار روسیوں کے خلاف علم جہاد بلند کر دیا۔



1920ء میں روسی خانہ جنگی اختتام کو پہنچی اور کیمونسٹ کامیاب ہوئے تو انھوں نے چیچنیا اور انگشتیا کو ملا کر سویت نیم خودمختار جمہوریہ کی بنیاد رکھی۔ کیمونسٹ زار شاہی سے زیادہ ظالم نکلے۔ انھوں نے مسلمانوں پہ بدترین تشدد کیا اور مساجد و مدارس پر قفل ڈلوا دیے۔ ان کی کوشش تھی کہ سبھی مسلمان دہریے بن جائیں۔ یوں کیمونسٹوں کی شکل میں چیچنوں اور دیگر اسلامیوں پہ نئی آفت نازل ہوگئی۔

جب روس دوسری جنگ عظیم میں پھنسا تو حسب روایت چیچنیا میں پھر روسیوں کے خلاف جہاد شروع ہو گیا۔ اس کے سرخیل حسن اسرائیل اور ان کے بھائی حسین تھے۔ ان کے لشکر نے مختصر روسی فوج کو شکست دے کر چیچنیا و انگشتیا کا بڑا علاقہ فتح کر لیا۔ پھر ان کی حکومت کو جرمنوں کا تعاون حاصل ہو گیا۔ بدقسمتی سے جرمنی جنگ ہار گیا۔ بعد ازاں روسی پوری طاقت سے حملہ آور ہوئے تو مجاہدین تتر بتر ہونے پہ مجبور ہو گئے۔

روسی صدر، جوزف اسٹالن چیچنوں کی ”بغاوت“ پر سخت طیش میں تھا۔ چناں چہ اس کے حکم پہ جمہوریہ چیچنیا و انگشتیا کی پوری آبادی سائبیریا، قازقستان اور کرغزستان بھجوا دی گئی۔ ان کا ”جرم“ آزادی حاصل کرنے کی خاطر ہتھیار اٹھانا تھا۔ تاریخ میں ہجرت کا یہ انتہائی ظالمانہ اور کربناک عمل ”آپریشن لینٹل“ کے نام سے مشہور ہے۔

یہ آپریشن 23 فروری 1944ء کو شروع ہوا جب ہزاروں مسلح روسی فوجی زبردستی چیچنوں کو سائبیریا بھجوانے لگے۔ اندازے کے مطابق پندرہ سے چالیس لاکھ تک انسان غیر انسانی طریقے سے ہجرت کرنے پہ مجبور کیے گئے۔ ہزاروں راستے میں تکالیف سہنے کے باعث، بیماریوں یا بھوک پیاس کے ہاتھوں چل بسے۔ جنھوں نے جانے سے انکار کیا، انھیں فوراً گولی مار دی گئی۔ یہ ایک طرح سے چیچنوں کی نسل کشی تھی۔ 1957ء میں جب خروشیف حکومت آئی تبھی چیچنوں کو واپس وطن آنے کی اجازت ملی۔

خروشیف حکومت نے ”نرم“ اقدامات کے ذریعے کوہ قاف کے مسلمانوں کو

www.islamicbookbazar.com
ISLAMIC BOOKBAZAR
Brought to you by: www.islamicbookbazar.com
Your friendly & reliable online book store

حتی، فلپ کے

(1304ھ/1886ء)۔ لبنان کے مستشرق۔ پورا نام ڈاکٹر فلپ کے حتی۔ شملان کے مقام پر لبنان میں پیدا ہوئے۔ بیروت کی امریکی یونیورسٹی میں تعلیم

پائی۔ 1908ء میں امریکہ چلے گئے اور کولمبیا یونیورسٹی میں تحقیق کرتے رہے۔ وہاں سے مشرقی ادبیات والسنہ میں ڈاکٹر کی ڈگری حاصل کی اور وہیں پروفیسر مقرر ہو گئے۔ پہلی جنگ یورپ 1919ء میں ختم ہوئی تو آپ کو بیروت کی یونیورسٹی میں طلب کر لیا گیا۔ آپ تاریخ کے پروفیسر مقرر ہوئے۔ 1926ء تک وہیں رہے، پھر امریکہ کی پرنسٹن یونیورسٹی میں تاریخ عرب کے پروفیسر مقرر ہو گئے۔ بعدازاں آپ مشرقی درسیات کے ایک شعبے کا رئیس بنا دیا گیا۔ 1954ء تک تمام مناصب سے سبکدوش ہوئے۔ بعدازاں مختلف اداروں اور انجمنوں میں بھی آپ کو منفرد حیثیت حاصل رہی۔

آپ کی تصانیف میں سب سے زیادہ شہرت ''تاریخ'' عرب کو حاصل ہوئی۔ اس کتاب کا مختصر ایڈیشن بھی انہوں نے شائع کیا۔ اس کے علاوہ ''تاریخ شام'' ''تاریخ لبنان'' اور ''اسلامی ریاست کی ابتداء'' آپ کی مشہور تصانیف ہیں۔

حج

